**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2024**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے۔

- حق اور باطل میں تمیز کرنا
- الہامی کتب کی تصدیق کرنا

دیے گئے نِکات قرآنِ مجید کے درج ذیل کن صفاتی ناموں سے متعلق ہیں؟

A۔ النور اور الذکر
B۔ الشفا اور المھیمن
C۔ البرھان اور النور
D۔ الفرقان اور المصدق

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

2۔ درج ذیل معلومات کو پڑھیے:

- نشانی
- اختتام
- جملے کا مکمل ہونا

دی گئی معلومات قرآنِ مجید کے درج ذیل کس عنصر سے متعلق ہے؟

A۔ آیت
B۔ رکوع
C۔ منزل
D۔ سورت

3۔ بہ طورِ طالب علم، آپ کو انفرادی طور پر مطالعۂ قرآن سے کون سا روحانی فائدہ حاصل ہو سکتا ہے؟

A۔ زکوٰۃ وقت پر ادا کرنا
B۔ حج کے ارکان پورے کرنا
C۔ غربا کے لیے صدقات و خیرات کرنا
D۔ مشکلات میں پُر سکون رہتے ہوئے صبر کرنا

4۔ سورۃ نساء کی آیت نمبر 4 میں کس بنیادی موضوع پر بحث کی گئی ہے؟

A۔ مہر کی تفصیلات

B۔ نسلِ انسانی کی بقا

C۔ یتیموں کے مال کا استعمال

D۔ مرد و عورت کی معاشرتی حیثیت

5۔ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰىٓ اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ۔۔۔ (النساء: 02)

دی گئی آیت میں یتیموں سے متعلق کیا حکم دیا جا رہا ہے؟

A۔ اُن کا مال اُنھیں نہ لوٹایا جائے

B۔ اُن کے مال کو پاک رکھا جائے

C۔ اُن کے مال کو حسبِ ضرورت استعمال میں لایا جائے

D۔ اُن کو مال دیتے وقت بُرے لوگوں کو شامل نہ کیا جائے

6۔ ترجمہ: ”اور کم عقلوں کو ان کا مال جسے اللہ نے تم لوگوں کے لیے سببِ معیشت بنایا ہے مت دو، ہاں! اس میں سے ان کو کھلاتے اور پہناتے رہو اور ان سے معقول بات کہتے رہو۔“ (النساء: 05)

کم عقلوں سے متعلق، دی گئی آیت کی جامع تعلیم کیا ہے؟

A۔ اُن کو دین کی تعلیم دی جائے

B۔ اُن کا مال انھی پر استعمال کیا جائے

C۔ اُن کو بہ طورِ صدقہ کھانا کھلایا جائے

D۔ اُن سے صرف اچھے طریقے سے بات کی جائے

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

**دی گئی آیت (ترجمہ) کی روشنی میں سوال نمبر 7 اور 8 کے جوابات دیجیے۔**

’’اور یتیموں کی آزمائش کرتے رہو یہاں تک کہ وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں، پھر اگر ان میں ہوشیاری دیکھو تو ان کے مال ان کے حوالے کر دو اور ان کا مال نہ کھاؤ فضول خرچی میں یا جلدی میں کہ وہ بڑے ہو جائیں گے (اور اپنا مال لے لیں گے)، اور جسے ضرورت نہ ہو تو وہ یتیم کے مال سے بچے، اور جو حاجت مند ہو تو مناسب مقدار کھالے، پھر جب ان کے مال ان کے حوالے کرو تو اس پر گواہ بنالو۔‘‘

(النساء: 06)

7۔ دی گئی آیت میں ’حاجت مند‘ کسے کہا گیا ہے؟

A۔ غربا کی مدد کرنے والا

B۔ یتیم کی پرورش کرنے والا

C۔ یتیموں کا مال جمع کرنے والا

D۔ لوگوں کو دینی تعلیم دینے والا

8۔ فرض کیجیے کہ ایک یتیم بچہ بڑا ہو جاتا ہے اور اس کے پاس عقل و شعور بھی ہے، اس کی باقاعدہ دیکھ بھال بھی کی جارہی ہے۔ اب اسے اپنا پیسہ خود استعمال کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

مذکورہ صورتِ حال کی روشنی میں اس یتیم بچے کا مال کیسے لوٹایا جائے گا؟

A۔ مانگنے پر فوراً لوٹا دیا جائے گا

B۔ اس سے لکھوا کر اسے لوٹایا جائے گا

C۔ گواہوں کی موجودگی میں دیا جائے گا

D۔ اس کے مال میں سے اپنے لیے کچھ حصہ لازمی لیا جائے گا

9۔ لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ
نَصِيبًا مَّفْرُوضًا۔ (النساء: 07)

سیاق وسباق کے حساب سے دی گئی آیت میں موجود خط کشیدہ الفاظ ’تَرَكَ الْوَالِدَانِ‘ سے کیا مراد ہے؟

A۔ والدین کا چھوڑا ہوا مال

B۔ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک

C۔ والدین کا بچوں سے حسنِ سلوک

D۔ والدین کے ساتھ شراکت داری

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

10۔ ترجمہ: ''نیکی یہ نہیں کہ تم مشرق و مغرب کو قبلہ سمجھ کر ان کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور روزِ آخرت پر اور فرشتوں پر اور اللہ کی کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں اور اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے۔'' (البقرۃ: 177)

دی گئی آیت کے ترجمے میں اصل 'نیکی' کسے کہا گیا ہے؟

A۔ قبلہ رخ ہو کر نماز ادا کرنا
B۔ صرف الہامی کتب پر ایمان لانا
C۔ اپنے عقائد اور معاملات کو صحیح کرنا
D۔ یہودیوں اور عیسائیوں کی مخالفت کرنا

11۔ ترجمہ: ''بے شک جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ آگ سے بھرتے ہیں اور عنقریب آگ میں داخل ہوں گے۔'' (النساء: 10)

دی گئی آیت میں آگ سے بچنے کے لیے عملی زندگی میں کیا کرنا چاہیے؟

A۔ یتیموں کو وقت پر کھانا دیا جائے
B۔ یتیموں کے مال کی حفاظت کی جائے
C۔ یتیموں کو ان کے رشتہ داروں سے ملوایا جائے
D۔ یتیموں کے مال کو حسبِ ضرورت دل کھول کر خرچ کیا جائے

12۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم لوگوں کو صبح سے دوپہر تک اپنے ارشادات سے دین کا صحیح تصور دیتے تھے۔

دیا گیا بیان حدیث کی کون سی قسم سے تعلق رکھتا ہے؟

A۔ قولی
B۔ فعلی
C۔ قدسی
D۔ تقریری

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

13۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 4 کے مطابق، قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے سب سے قریب کون ہو گا؟

A۔ اکثریت کی مدد کرنے والا
B۔ سب سے پہلے مسجد پہنچنے والا
C۔ پانچ وقت نماز ادا کرنے والا
D۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر درود بھیجنے والا

14۔ ''تم میں سے کوئی شخص اُس وقت تک حقیقی مؤمن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اسے محبوب تر نہ ہو جاؤں اپنے باپ سے بھی، اپنے بیٹے سے بھی، اور تمام انسانوں سے بھی۔'' (حدیث: 05)

دی گئی حدیث کا اطلاق 'کمرۂ جماعت' میں بہ طورِ طالب علم آپ کس طرح کر سکتے ہیں؟

A۔ استاد کا لیکچر توجہ سے سنا جائے
B۔ والدین کا ہر معاملے میں کہنا مانا جائے
C۔ اسکول کے بعد وقت پر گھر پہنچا جائے
D۔ نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد وقت پر پہنچا جائے

15۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 9 میں کس عبادت کو ایک مہینے کے روزے اور نفلی عبادت سے بہتر کہا گیا ہے؟

A۔ حج
B۔ جہاد
C۔ نماز
D۔ زکوٰۃ

16۔ ''بہترین انسان وہ ہے جو انسانوں کو زیادہ نفع پہنچائے۔'' (حدیث: 12)

دی گئی حدیث کے مطابق، بہ طورِ فرد انسانوں کو **روزانہ** کیسے نفع پہنچایا جا سکتا ہے؟

A۔ رمضان میں زکوٰۃ دے کر لوگوں کی مدد کرکے
B۔ حج کے موقع پر دل کھول کر لوگوں کی مدد کرکے
C۔ جہاں غریب نظر آئیں حسبِ استطاعت مدد کرکے
D۔ جمعہ کی نماز کے بعد لوگوں کی حسب استطاعت مدد کرکے

AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

17۔ ’’تم سب نگران ہو اور تم سے تمھاری نگرانی میں موجود افراد اور رعایا کے بارے میں باز پرس ہوگی۔‘‘ (حدیث: 10)

دی گئی حدیث کی تعلیم کے پیشِ نظر درج ذیل کون سا انتخاب **درست** ہے؟

A۔ عمران صاحبِ حیثیت ہے اس لیے وہ ہر سال حج کرتا ہے۔

B۔ صاعقہ ایک ذمہ دار خاتون ہے اس لیے وہ اپنے کام خود انجام دیتی ہے۔

C۔ عبد الصمد اپنے گھر کا سربراہ ہے اس لیے وہ اپنے بچوں کی ذمہ داری اٹھاتا ہے۔

D۔ صائمہ سائنس کی طالبہ ہے اس لیے وہ نئی ایجادات کے بارے میں معلومات رکھتی ہے۔

18۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے:

- ہر چیز پر نظر رکھنے والا
- ہر چیز کا ارادہ کرنے والا

دیے گئے نِکات درج ذیل اللہ تعالیٰ کی کون سی دو صفات سے متعلق ہیں؟

A۔ بصر و مشیت

B۔ باسط و خالق

C۔ قدرت و سمع

D۔ رازق و قابض

19۔ انسانوں کی راہ نمائی کے لیے اللہ تعالیٰ جب دنیا میں انبیا بھیجتا تھا، تو اُن میں اور عام انسانوں میں کیا فرق ہوتا تھا؟

A۔ وہ براہِ راست اللہ کے حکم کے تابع ہوتے تھے

B۔ وہ اپنے خاندان میں سب سے امیر ہوتے تھے

C۔ ان کو حالات و واقعات کا زیادہ علم ہوتا تھا

D۔ ان کے ساتھ ہر وقت ایک فرشتہ ہوتا تھا

20۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے اعلانِ نبوت سے قبل کس معاہدے میں شرکت فرمائی؟

A۔ میثاقِ مدینہ

B۔ صلح حدیبیہ

C۔ حلف الفضول

D۔ معاہدۂ نجران

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examinations 2024 for Teaching & Learning only

21۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات کا بنیادی مقصد اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا تھا، تاکہ

A۔ مدینہ میں ریاست قائم ہو۔
B۔ انسانی زندگی کا مقصد واضح ہو۔
C۔ عرب سے جہالت کا خاتمہ ہو۔
D۔ عربوں میں ایمان کی تعلیم عام ہو۔

22۔ دعوت و تبلیغ میں 'رواداری' کا مظاہرہ درج ذیل کس طرح کیا جائے گا؟

A۔ لوگوں کے مختلف نظریات کو تحمل سے سنا جائے
B۔ لوگوں کو اسلام کے مخالفین کے بارے میں مسلسل بتایا جائے
C۔ لوگوں کو ان کے مسائل سنے بغیر مسلسل دعوت و تبلیغ کی جائے
D۔ لوگوں کو حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے غزوات کے بارے میں آگاہ کیا جائے

23۔ درج ذیل میں سے کون سی وجہ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور آپ کے اصحاب کی ہجرتِ مدینہ کا سبب بنی؟

A۔ قریش کا مسلسل تکلیفیں دینا
B۔ یہود کا مسلسل سازشیں کرنا
C۔ منافقین کا مسلسل تکلیفیں دینا
D۔ عیسائیوں کا مسلسل سازشیں کرنا

24۔ درج ذیل میں سے کون سا بیان 'جہاد بالنفس' سے متعلق ہے؟

A۔ صالحہ نے لوگوں میں تعلیم کی اہمیت اجاگر کی۔
B۔ احمد نے لوگوں میں نماز کی پابندی کی تلقین کی۔
C۔ ظہور نے سخت سردی میں فجر کی نماز مسجد میں ادا کی۔
D۔ کنول نے لوگوں کو حج کے ارکان اور حج کی حکمت بیان کی۔

25۔ روایات کے مطابق، حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے اصحابِ صفہ کی تعلیم کے لیے کون سا وقت مقرر کیا تھا؟

A۔ صبح
B۔ دوپہر
C۔ سہ پہر
D۔ شام

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

26۔ ایک قاضی کو فیصلہ کرتے وقت کس عنصر کو پیشِ نظر رکھنا چاہیے؟

A۔ مالی حیثیت
B۔ خاندانی قرابت
C۔ فریقین کا تقویٰ
D۔ فریقین کے دلائل

27۔ لوگوں کا عدالتوں سے اعتبار کیوں اٹھ گیا ہے؟

A۔ فیصلوں میں تاخیر ہونا
B۔ وکلا کی تعداد کا کم ہونا
C۔ جج کا نماز کا پابند نہ ہونا
D۔ جج کا وکلا کے دلائل نہ سننا

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning Only

28۔ حضرت امام حسینؓ کی شہادت کس سن ہجری میں ہوئی؟

A۔ 59
B۔ 60
C۔ 61
D۔ 62

29۔ حضرت امام حسینؓ کی یزید کی بیعت سے انکار کرنے کی وجہ کیا تھی؟

A۔ اہلِ کوفہ کا مسلسل دین سے دور ہونا تھا
B۔ اسلامی ریاست کو کئی حصوں میں تقسیم کیا جارہا تھا
C۔ یزید کا اہلِ بیت سے اظہارِ عقیدت کم ہوتا جارہا تھا
D۔ یزید کے دور میں اسلامی تعلیمات کا مذاق اڑایا جارہا تھا

30۔ درج ذیل تمام ایجادات جابر بن حیان سے متعلق ہیں، **ماسوائے**

A۔ نمک کا تیزاب۔
B۔ الجبرا کے قوانین۔
C۔ گندھک کا تیزاب۔
D۔ کاربونیٹ آرسنک سلفائڈ۔

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2024
for Teaching & Learning only